سوال

(646) انسانی فوائد کےلیے وظائف کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کسی بزرگ عالم دین کے معمولات یعنی وظائف انسانی فوائد کےلیے انسان کر سکتا ہے اور قرآن کی آیت لکھ کر تعویذ بنا کر ڈالنا کیسا ہے ؟ اور اس سے کس حد تک فائدہ حاصل ہوتا ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کسی بزرگ عالم دین کے وظائف و معمولات کتاب وسنت سے ٹکراتے نہ ہوں تو انہیں عمل میں لایا جا سکتا ہے پھر بھی کتاب وسنت والے وظائف ان سے کہیں بہتر ہیں۔ تعویذ خواہ قرآن وحدیث کا ہی ہو۔ بنانا بنوانا ڈالنا یا ڈلوانا رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

تعویذ اور دم کے مسائل ج1ص463

محدث فتویٰ